# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2023
# MODEL PAPER
# GRADE 4
# URDU PART – A (Objective Type)

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks]**

**School :** ______________________________

**Tehsil :** ______________________ **District:** ______________________

**Student Name :** ______________________ **Section :** ______________________

**Roll Number :** ______________________ **Date :** ______________________

طلبا کے لیے عمومی ہدایات:

ا۔ماسک پہنیں اور آپس میں کم از کم 3 فٹ کا فاصلہ رکھیں۔

۲۔ غور سے پڑھیں اور تمام سوالات حل کریں ۔

۳۔ہر کثیر الانتخابی سوال کے صحیح جواب پر دائرہ لگائیں جیسا کہ نیچے دی گئی مثال میں دکھایا گیا ہے ۔

مثال : کیچڑ کی وجہ سے پھیلنے والی بیماری ہے:

(a) پولیو (b) خسرہ

(c) ڈینگی (d) کانگو

۴۔ اگر کسی سوال میں ایک سے زیادہ جوابات کے گرد دائرہ لگایا گیا تو کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا ۔

Result.pk

| وقت: 1 گھنٹہ | حصہ الف (کثیر الانتخابی سوالات ) | کل نمبر: 50 |
|---|---|---|

ہدایات: اس پیپر میں پچیس کثیر الانتخابی سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 1: " بہت دنوں بعد آپ سے ملاقات ہوئی ہے۔" یہ جملہ ہے :

(a) گفتگو کا (b) تقریر کا (c) اعلان کا (d) ہدایت کا

سوال نمبر 2: ایک پرندہ ایسا جس کی دُم پہ پیسہ

اس پہیلی کی درست بُوجھ ہے:

(a) طوطا (b) مور (c) کوا (d) کبوتر

سوال نمبر 3: لطیفہ پڑھ کر درست جواب کی نشاندہی کریں۔

ڈاکٹر : موٹاپے کا علاج ہے کہ تم روزانہ صرف دو ہی روٹیاں کھایا کرو۔

مریض : لیکن یہ دو روٹیاں کھانا کھانے سے پہلے کھانی ہیں یا کھانا کھانے کے بعد۔

لطیفے کے مطابق ڈاکٹر نے علاج کیا :

(a) بخار کا (b) موٹاپے کا (c) فالج کا (d) سر درد کا

سوال نمبر 4: محاورہ کے استعمال کا درست جملہ ہے :

(a) میلے میں خُوب چھل قدمی تھی۔ (b) میلے میں خُوب رونق تھی۔ (c) میلے میں خُوب شور تھا۔ (d) میلے میں خُوب چھل پہل تھی۔

سوال نمبر 5: "40" کو لفظوں میں لکھا جاتا ہے:

(a) چالیث (b) چالیس (c) چالیژ (d) چالیص

سوال نمبر 6: عددی ترتیب کے استعمال والا درست جملہ ہے:

(a) بلال اُن کا پانچویں بچہ ہے۔ (b) بلال اُن کا پانچ بچہ ہے۔ (c) بلال اُن کا پانچواں بچہ ہے۔ (d) بلال اُن کا پانچوں بچہ ہے۔

سوال نمبر 7: عددی ترتیب والا درست جملہ ہے :

(a) شوکت دسویں قطار میں بیٹھا ہے۔ (b) شوکت دس قطار میں بیٹھا ہے۔

(c) شوکت دسواں قطار میں بیٹھا ہے۔ (d) شوکت دہم قطار میں بیٹھا ہے۔

سوال نمبر 8: " عابد امریکہ جائے گا "۔ اس کا فعل حال میں جملہ ہے:

(a) عابد امریکہ گیا تھا ۔ (b) عابد امریکہ جا رہا ہو گا ۔ (c) عابد امریکہ جا چکا تھا۔ (d) عابد امریکہ جاتا ہے ۔

سوال نمبر 9: " میں نے کام کیا"۔ اس کا فعل حال میں درست جملہ ہے:

(a) میں کام کر رہا ہوں گا۔ (b) میں کام کر چکا تھا۔ (c) میں کام کروں گا۔ (d) میں کام کرتا ہوں۔

سوال نمبر 10: " دستاویزات" کا واحد ہے:

(a) دستاویزا (b) دستاویزے (c) دستاویز (d) دستاواز

سوال نمبر 11: " تصورات" کا واحد ہے :

(a) تصاویر (b) تصویر (c) متصور (d) تصور

سوال نمبر 12: اجالاکامترادف ہے:

(a) روشنی (b) رات (c) اندھیرا (d) تاریکی

سوال نمبر 13: سابقہ "بد" سے بننے والے درست الفاظ کی فہرست ہے:

(a) بد تمیز،بدبخت،بدنصیب (b) بدبلایا،بدادب،بدگماں (c) بد معاش،بدپرس،بدامید (d) بد تاج،بدپست،بد منظر

سوال نمبر 14: اسم خاص کی درست فہرست ہے:

(a) اکرم، اسلم (b) انعام ،لڑکا (c) شمائلہ،لڑکی (d) بوڑھا ،بوڑھی

Result.pk

سوال نمبر 15: "عائشہ نیک لڑکی ہے——— بزرگوں کا ادب کرتی ہے۔"خالی جگہ میں درست اسم ضمیر لگے گا:

(a) وہ (b) اُن (c) اُسے (d) تم

سوال نمبر 16: حرف جار کے استعمال والا جملہ ہے:

(a) گلاس میں گرم گرم دودھ ہے ۔ (b) فریال اور ارشد بہت محنتی ہیں ۔ (c) ارشد اور آپ اکٹھے جائیں گے۔ (d) ساجدہ بہت خُوب صُورت ہے ۔

سوال نمبر 17: ”اسلم نے بیل کو مارا“۔ اس جملے میں علامت مفعول ہے:

(a) مارا (b) بیل (c) اسلم (d) کو

سوال نمبر 18: درج ذیل میں فعل نہی والا جملہ ہے :

(a) بچو! میری بات سنو۔ (b) یہ دروازہ کھول دو۔ (c) جلدی کام ختم کرو۔ (d) پھول مت توڑو۔

سوال نمبر 19: " چِین " کا معنی ملک کا نام جبکہ " چَین " کا معنی ہے:

(a) سُکھ (b) سُکھی (c) سُکھے (d) سُکھا

سوال نمبر 20: لفظ " تاریک " کا لغت میں معنی تلاش کرنے کی درست ترتیب ہے:

(a) ت۔ی۔ا۔ک۔ر (b) ت۔ا۔ر۔ک۔ی (c) ت۔ر۔ی۔ا۔ک (d) ت۔ا۔ر۔ی۔ک

پیرا گراف ہدایات *

مندرجہ ذیل پیرا گراف پڑھ کرنیچے دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔

انسانی معاشرے میں اخبار معلو مات کا سب سے پرانا اور اہم ذریعہ رہا ہے۔ابتدا میں سہولتوں کی کمی کے باعث اس کی معلومات کا دائرہ محدود تھالیکن سائنسی ترقی اور سہولتوں کی دستیابی کے بعد اب اخبار ملکی اور عالمی واقعات سے آگاہی کا سب سے مؤثر ذریعہ بن گیا ہے۔اخبار ہمیں زندگی کے ہر شعبے سے متعلق ملکی اور غیر ملکی خبروں سے آگاہ کرتاہے۔سیاسی،سماجی،معاشی،سائنسی، کھیل، تفریح غرض ہر شعبے پر اخبار کام کر رہا ہے۔ آج کا اخبار دنیا میں ہونے والی تبدیلیوں، حالات اور انکشافات سے متعلق معلومات کی ایک دنیا رکھتا ہے۔ہفتے کے ساتوں دنوں میں سیاسی، دیگر اہم خبریں اور مختلف موضوعات قارئین کی دلچسپی کا باعث ہیں۔زمانہ بدل رہاہے اور ذرائع ابلاغ میں بھی ترقی ہو رہی ہے۔معلو مات حاصل کرنے کے اور بھی بہت سے ذرائع کام کر رہے ہیں جیسے سیٹلائیٹ، انٹر نیٹ، کمپیو ٹر اور ٹی وی کے ذریعے ہم تک معلومات پہنچتی ہیں لیکن آج بھی اخبار معلومات حاصل کرنے کا سب سے آسان، بہترین اور سستا ترین ذریعہ ہے۔اخبار کا مطالعہ نہ صرف معلو مات میں اضافہ کرتا ہے بلکہ یہ طالب علموں کے لئے بلند خوانی بہتر بنانےاور ذخیرہ الفاظ بڑھانے کے لئے بھی اہم ذریعہ ثابت ہو سکتا ہے۔

سوال نمبر 21 : پیرا گراف کے مطابق معلومات حاصل کرنے کا سب سے پُرانا اور اہم ذریعہ ہے:

(a) کھیل (b) تفریح (c) اخبار (d) ڈائجیسٹ

سوال نمبر 22 : پیراگراف کے مطابق اخبارملکی اور عالمی واقعات سے آگاہی کا سب سے موثر ذریعہ بنا:

(a) سائنسی ترقی کے بعد (b) معاشرتی ترقی کے بعد (c) سیاسی ترقی کے بعد (d) معاشی ترقی کے بعد

سوال نمبر 23 : پیرا گراف کے مطابق معلومات حاصل کرنے کا آسان اور سستا ترین ذریعہ ہے:

(a) اخبار (b) ٹیلی ویژن (c) کمپیوٹر (d) ٹیلی فون

سوال نمبر 24 : پیرا گراف کے مطابق اخبار کا مطالعہ طالب علم کے لیے بہتر بناتا ہے:

(a) قوت سماعت (b) بلند خوانی (c) قوتِ بصارت (d) قوتِ بصیرت

سوال نمبر 25 : درج بالا پیرا گراف کا عنوان ہے:

(a) میگزین کی اہمیت (b) کتاب کی اہمیت (c) رسالے کی اہمیت (d) اخبار کی اہمیت

Result.pk